15/04/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میناعجازہ اختر

منوج سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بیساکھی کے موقعے پر156کروڑ روپے کے لاگت سے تعمیر توی ریور فرنٹ کے پہلے مرحلے کو عوام کےلئے وقف کیا ہے۔

اس موقعے پر اپنی تقریر میں لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ ان کا نذریہ ہر شہری کےلئے شمولیاتی اور قابل رسائی مقامات کی تعمیر کرنا ہے اور توی ریور فرنٹ اسی جذبے کی عکاسی کر تے ہوئے روایات اور جدیدیت کا ایک امتزاج ہے جہاں ترقی فطرت کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔

LGملاقات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے کئی اہم شخصیات نے ملاقات کرکے اُن سے اپنے اپنے شعبوں سے جڑےمعاملات پر گفت وشنید کی۔

BCCI کے صدرمتھن منہاس، کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے صدر جاوید احمد ٹینگہ// سینئر سٹیزنز سروس سپورٹ قلب چواڈی جموں کے صدر میجر جنرل ریٹائرڈ SKشرما کی قیادت والا ایک وفد// ایل جی سے ملاقات کرنے والوں میں اور ریاسی کی سابق سرپنچ نیلم رانی کی قیادت والا ایک وفد بھی شامل ہے۔

CMکسان

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموںو کشمیر کی ترقی کو آگے بڑھانے کےلئے مضبوط بینکنگ شراکت داری پر زور دیا ہے ۔

سینئر منیجمنٹ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے مالی شمولیت کو مضبوط Axis Bank سرینگر میں کرنے، کار خانہ داری کو معاونت فراہم کرنے اور جموںو کشمیر کی دائمی اقتصادی ترقی میں بینکنگ سیکٹر کے کلیدی رول کو اُجاگر کیا۔

Axis Bankوزیر اعلیٰ نے کہا کہ جموںو کشمیر میں اپنی 54شاخوں کے ساتھ یہاں کی مالی شمولیت میں ایک اہم رول ادا کر رہا ہے۔ اس سے پہلے وزیر اعلیٰ نے کل جبلی پورہ بجبہاڑہ اننت ناگ میں ایک کسان میلے میں شرکت کی۔وزیر اعلیٰ نے اس موقعے پر کسانوں سے کہا کہ وہ سرکاری سکیموں خاص طور پر فصل بیمہ یوجنا سے بھر پور فائدہ اُٹھائیں۔ اس موقعے پر انہوننے کہا ۔

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کا تین روز کا خصوصی اجلاس کل سے شروع ہورہا ہے۔ پارلیمانی امور کے وزیرکرن رجیجو نے کہا ہے کہ اجلاس میں لائے جانے والا خواتین ریزرویشن بل متوازن ہے جو تمام ریاستوں ، خطوں اور طبقوں کی اُمنگوں کو پوراکر تا ہے۔

نئی دلی میں نامہ نگاروں سے بات کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ کوئی بھی پارٹی اس بل کے خلاف نہیں ہے۔

سریندر چودھری

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے تعمیراتی پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔ وہ سیرباغ سیمپورہ سرینگر میں دریائے جہلم پر زیر تعمیر پُل کے دورے پر تھے جہاں انہوںنے اس پروجیکٹ پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ پُل تکمیل کے آخری مرحلے میں ہے اور اسے جلدہی عوام کےلئے کھول دیا جائے گا۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ کے صدر جی ایم شاہین نے وجے چودھری کو بِہار کے وزیر اعلیٰ بننے پر تہہ دل سے مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے اُمید ظاہر کی ہے کہ وجے چودھری بِہار میں معاشرے کے تمام طبقات کےلئے ترقی کو یقینی بنائیں گے۔

ہفتہ

جمونو کشمیر میں ہفتہ فائر سروسز اینڈ ایمر جنسی کا آج دوسرا دن ہے۔ اس سلسلے میں کل محکمے کے صدر دفتر واقع بٹہ مالو سرینگر اور دیگر ضلعی دفاتر میں تقاریب کا اہتمام ہوا جہاں محکمے کے جان بحق اہلکاروں کی خدمات کو یاد کر کے انہیں خراج عقیدت ادا کیا گیا۔

سرینگر میں منعقدہ تقریب میں جانکاری دی گئی کہ سال2025کے دوران محکمے کے اہلکاروں کی بروقت کارروائی سے 5ہزار کروڑ روپے کے اثاثوں کو بچایا گیا۔ اس موقعے پر یہ بھی جانکاری د ی گئی کہ اس ایک سال کے دوران گذشتہ برس کے مقابلے میں آگ کی وارداتوں میں25فیصد کی گراوٹ بھی درج کی گئی۔

حج

جموں وکشمیر سے اس سال حج بیت اللہ پر جانے والے عازمین کی روانگی کا سلسلہ18اپریل سے شروع ہو گا۔ جمونو کشمیر حج کمیٹی نے18اپریل کو روانہ ہونے والی تین پروازوں کے عازمین کرام کی حج ہاوس آمد کا شیڈول جا ری کیا ہے۔

کے عازمین کوحج ہاوس میں QP-7521حج کمیٹی کے ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی کے مطابق فلائٹ نمبر صبح6بجے سے ساڑھے6بجے کے بیچ پہنچنا ہو گا۔

کے عازمین، حج ہاوس میں صبح سوا 8بجے سے پونے نو بجے کے بیچ رپورٹ QP-7520اسی طرح سے فلائٹ نمبر کریں گے۔

میں جانے والے عازمین کو صبح9بجے سے ساڑھے9بجے کے بیچ حج ہاوس پہنچنے کےلئے کہا QP-7519فلائٹ نمبر گیا ہے۔

نشہ مکت

جمونو کشمیر بھر میں 100روز پر محیط نشہ مکت جمونو کشمیر کے جا ری ابھیان کے تحت ہر ضلعے میں اس سماجی برائی کے خلاف انتظامی اور پولیس کی سطح پر زور دار سرگرمیاں جا ری ہیں۔

اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اِندو کنول چِب نے ضلعے کے ایس ایس پی اعجاز احمد زر گر کے ہمراہ متعلقہ محکموں، سلامتی ایجنسیوں اور سابق فوجیوں کے ساتھ ایک میٹنگ کر کے ضلعے میں منشیات کے مکمل خاتمے کےلئے تال میل کو مضبوط کرنے پر زور دیا ۔

مختلف اضلاع میں کل بھی پولیس نے کئی منشیات سمگلروں کو گرفتار کر کے اُن کے خلاف باضابطہ کارروائی کا آغاز کیا ۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

....

...